NYC Public Schools

PS+YOU

From Chancellor **David C. Banks**

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

سال کے اختتام پر خیالات اور موسم گرما مبارک!

عزیزی نیویارک کے مکین،

نیو یارک شہر بپلک اسکولز کا ایک حصہ ہونے پر آپ کا شکریہ۔ مجھے امید کرتا ہوں کہ آپ نے ایک پُرلطف تعلیمی سال گزارا ہوگا اور آپ اور ہمارے طلبا نے جو کامیابی حاصل کی ہے مجھے اس پر بہت فخر ہے۔ پچھلے نو مہینوں میں، مجھے آپ میں سے کئی ایک سے ملاقات کرنے کا موقع ملا، کلاس روم کے اندر اور باہر—آپکو ادب اور سماجی مسائل پر بات کرنے، ریاضی کے پیچیدہ اور STEM کے مسائل حل کرنے، ومدہ فنی تخلیق کرنے، اسکول کی پیشکشوں میں فنکارانہ مظاہرہ دکھانے، اپنے بچے کی تعلیم اور کئی دیگر چیزوں میں مشغول ہوتے ہوئے مشاہدہ کرنے کا موقع ملا۔ مجھے ہر ایک مرتبہ یہ دیکھ کر نہایت خوشی ہوتی ہے کہ ہمارے طلبا کے تابناک وعدے کو حقیقت کا روپ دے رہے ہیں۔

ابھی حال ہی میں، میں نے کئی سندیافتگی اور اگلے گریڈ میں ترقی پانے (اسٹیپنگ اپ) تقریبات میں شرکت کی ہے اور اپنے طلبا کے اور اس بڑے دن میں انکے ساتھ آنے والوں کے چہروں پر خوشی اور فخر دیکھ کر مجھے توانائی اور ترغیب ملی ہے۔ میں ہماری سخت محنت کرنے والے اور 2023 کی انتہائی قابل کلاس کو مبارکباد پیش کرنا چاہتا ہوں! آپ ہمارے مستقبل کے قائدین ہیں، اور مجھے آپ سب پر انتہائی فخر ہے۔

میں پہلے سے ہی جانتا ہوں کہ آپ کے والدین میرے فخر کا اشتراک کرتے ہیں۔ فارَیسٹ ہلز ہائی اسکول کی کمسمنٹ تقریب کے انعقاد کے دوران، انتہائی پُرجوش لمحات اس وقت دیکھنے میں آئے جب میں نے سندیافتہ طلبا سے کھڑے ہونے اور اپنے

اہل خانہ کو اس مقام تک پہنچنے میں انکی معاونت کے لیے تالیاں بجانے کو کہا۔ جس وقت انکے اہل خانہ نے خود تالیاں بجا کر جواب دیا فضا جوش سے جھوم اٹھی۔ یہاں تک کہ بارش بھی اس دن کی خوشیوں کو مدھم نہ کر سکی۔

میں ہمارے خاندانوں، پرنسل حضرات اور اسکول کے عملے کا انتہائی شکرگزار ہوں کہ انہوں نے ہمارے طلبا کو تابناک اور لامحدود مستقبل کے راستے پر گامزن کر دیا ہے۔ میں ان طلبا اور عملے کو بھی یاد کرنا چاہتا ہوں جو اس تعلیمی سال میں المناک انداز میں اس دنیا سے رخصت ہو گئے۔ انکی یادیں ہمیں ہر بچے کی پرورش کرنے اور فلاح و بہبود کی حفاظت کرنے کی اہمیت یاد دلاتی ہیں۔

اب جب کے میں 24-2023 تعلیمی سال کی جانب دیکھ رہا ہوں، میں جانتا ہوں کہ ہم مزید بلندیوں کی جانب گامزن ہیں۔ میں امید کرتا ہوں کہ آپ اور آپکے بچے ایک عمدہ موسم گرما گزاریں گے اور ان متعدد عمدہ چیزوں سے مستفید ہونگے جن کی پیشکش ہمارا شہر کرتا ہے۔ آپکے بچے کی تعلیم میں ہمارے ساتھ بامعنی شراکت کرنے کا شکریہ۔ میں ستمبر میں آپ سب سے ملاقات کرنے کا متمنی ہوں۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks
چانسلر

ہماری ہفتہ وار وڈیو کا خلاصہ

ترجموں کے لیے، برائے مہربانی ہمارے یوٹیوب پیج پر جائیں۔

اور یہاں پر میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ میئر کے دفتر سے جدید معلومات براہِ راست موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، برائے مہربانی یہاں کلک کریں۔

آگر آپ مزید PS+You ای میل پیغامات موصول نہیں کرنا چاہتے، برائے مہربانی انسبسکرائب کریں۔